★ — سید نظور زیدی

# عید

## چند رُباعیاں

○

### بے عمل مُسلمانوں کی عید

عید آئے تو اہتمام ہوتا ہے بہت
پکتا ہے پلاؤ کام ہوتا ہے بہت
روزہ، نہ تراویح، نہ افطار و سحر
ہاں عید کا احترام ہوتا ہے بہت

### سچّی عید

روزوں میں جو سربکف ہو ایسے نمازی کی ہے عید
جو عاجز و بے ریا ہو اس نمازی کی ہے عید
نغموں کی نہ خورد و نوش کی نہ خوش پوشی کی
بس قلب و نظر کی پاک بازی کی ہے عید

### بھارت میں قید پاکستانیوں کی عید

یہ کیسے کہوں کہ مطمئن ہو مسرُور رہو تُم
عید آئی ہے اور وطن سے منزلوں دُور ہو تُم
اس پہ یہ ستم کہ قید میں ہو دشمن کی مگر!
ممکن ہی نہیں مجاہدو کہ رنجُور رہو تُم

© rasailojaraid.com